Day:________ Date:________

حصۂ نثر

① مولانا شبلی نعمانی — اخلاقِ نبوی (سیرت النبی جلد دوم)

سیرت النعمان   الفاروق   المامون
سوانح مولانا روم   الغزالی   اورنگزیب عالمگیر پر ایک نظر
سیرات النبی   شعر العجم   موازنہ انیس و دبیر
سفرنامہ روم و مصر و شام

② الطاف حسین حالی — اسلام میں گداگری کی مذمت (مقالاتِ حالی حصہ اول)

مقدمہ شعر و شاعری   حیاتِ سعدی   یادگارِ غالب
دیوانِ حالی   طبقات الارض   مقالاتِ حالی

③ سر سید احمد خان — قومی اتفاق (مقالاتِ سرسید)

آثار الصنادید   تاریخ سرکشی بجنور   اسبابِ بغاوتِ ہند
خطبات احمدیہ   مقالاتِ سرسید

④ محمد حسین آزاد — انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا (مجموعہ نیرنگ خیال)

آبِ حیات   دربارِ اکبری   نیرنگ خیال
قصص ہند   سخن دانِ فارس   نگارستانِ فارس

⑤ مولوی نذیر احمد — نصوح کا خواب (توبۃ النصوح سے ماخوذ)

مراۃ العروس   بنات النعش   توبۃ النصوح
ابن الوقت   ایامیٰ   ترجمہ قرآن
ترجمہ تعزیراتِ ہند   فسانہ مبتلا   رویائے صادقہ

⑥ منشی پریم چند — حجِ اکبر (پریم بتیسی حصہ دوم)

زادِ راہ   واردات   پریم پچیسی
بیوہ   گئودان   پریم بتیسی
جلوۂ حسن   میدانِ عمل   پریم چالیسی
بازارِ حسن

⑦ میرزا ادیب دستک (پسِ پردہ سے ماخوذ)

صحرانورد کے خطوط صحرانورد کے رومان آنسو اور تارے
لہو اور قالین ستون پسِ پردہ
خوابوں کے مسافر ماموں جان

⑧ فرحت اللہ بیگ غلام

دلی کا ایک یادگار مشاعرہ نذیر احمد کی کہانی کچھ اُن کی کچھ میری زبانی
نئی اور پرانی تہذیب کی ٹکر (مضمون) پھول والوں کی سیر (مضمون)

⑨ امتیاز علی تاج آرام و سکون

کہکشاں (رسالہ) انار کلی (رومانی المیہ) چاچا چھکن
آرام و سکون (یک بابی ڈرامہ)

⑩ شفیق الرحمٰن نیلی جھیل (حماقتیں سے ماخوذ)

کرنیں (افسانوں کا مجموعہ) شگوفے لہریں
مدوجزر پرواز حماقتیں
مزید حماقتیں دجلہ انسانی تماشہ
نیلی جھیل (مجموعہ حماقتیں سے ماخوذ)

⑪ کرنل محمد خان سفارش طلب (بزمِ آرائیاں سے ماخوذ)

بجنگ آمد (پہلی کتاب) بسلامت روی بزمِ آرائیاں
سفارش طلب (مجموعہ بزمِ آرائیاں سے ماخوذ)

⑫ شاہ احمد دہلوی مولوی عبدالحق (بزمِ خوش نفساں سے ماخوذ)

دلی کی بپتا گنجینۂ گوہر سرگزشت عروس
اندھی گلی دھان کا گیت پاکستانی موسیقی

⑬ ~~اشرف صبوحی~~

⑬ اشرف صبوحی بیرنانی (دلّی کی چند عجیب ہستیاں سے ماخوذ)
دلّی کی چند عجیب ہستیاں   جھروکے   بغداد کے جوہری
غبارِ کارواں   بن باسی دیوی   بزمِ آخر
دھوپ چھاؤں (ایک انگریزی ناول کا اُردو ترجمہ)
ننگی دھرتی (ایک انگریزی ناول کا اُردو ترجمہ)
موصل کے سوداگر (انگریزی سے ترجمہ کہانی)

⑭ ڈاکٹر وحید قریشی علامہ اقبال کا تصورِ وطنیت (اساسیاتِ اقبال سے ماخوذ)
الوداع (شاعری) نقدِ جاں (شاعری) ڈھلتی عمر کے نوحے (شاعری)
دیگر تصانیف:
جدیدیت کی تلاش میں   افسانوی ادب   اساسیاتِ اقبال
اقبال اور پاکستانی قومیت   میر حسن اور ان کا زمانہ   مطالعۂ حالی
نذرِ غالب   کلاسیکی ادب کا تحقیقی مطالعہ   اردو نثر کے میلانات

⑮ سجاد حیدر یلدرم مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (خیالستان سے ماخوذ)
ثالث بالخیر   جلال الدّین خوارزم شاہ   حکایات اور احساسات
خیالستان (افسانوں اور مضامین کا مجموعہ)

⑯ ہاجرہ مسرور ایک کہانی بڑی پرانی (چاند کی دوسری طرف سے ماخوذ)
اندھیرے اُجالے   کھیل   ہائے اللہ
امّتِ مرحوم   چرکے   چھپے چوری
تیسری منزل   وہ لوگ   چاند کی دوسری طرف

⑰ اجمل نذیر ماں کی نصیحت (ہندکو لوک کہانیاں)
ہزارہ میں اُردو ادب کی تاریخ   ہزارہ میں ہندکو ادب کی تاریخ
میں آنکھیں بیچنا چاہوں   چٹی دُدھ مِٹھی کھنڈ
ہندکو لوک کہانیاں

⑱ قدرت اللہ شہاب سراب منزل (شہاب نامہ سے ماخوذ)
یاخدا   نفسانے   ماں جی
سُرخ فیتہ   شہاب نامہ

⑲ مولوی عبدالحق نام دیو مالی (چند ہم عصر سے ماخوذ)
چند ہم عصر مقدماتِ عبدالحق خطباتِ عبدالحق
تنقیداتِ عبدالحق قواعدِ اُردو زبان انتخابِ کلامِ میر

⑳ حکیم محمد سعید استنبول (سعید سیاح ترکی میں سے ماخوذ)
یورپ نامہ جرمنی نامہ درونِ روس دید و شنید
ابن الہیثم عجائباتِ جسمِ انسان مقالاتِ شام ہمدرد
اخلاقیاتِ نبوی تودی ایک مسافر چار ملک
تذکارِ محمد رسول اللہ میڈیسن اِن چائنا ہیلتھ آف نیشن
سعید سیاح ترکی میں

شعبہ مکاتیب

㉑ مرزا اسد اللہ خان غالب (میر مہدی مجروح اور علاؤالدین علائی کو لکھے گئے خط)
غالب کے خطوط کے مجموعے:
اردوئے معلیٰ عودِ ہندی مکاتیبِ غالب

㉒ رشید احمد صدیقی بنام سید بشیر الدین اڈیٹر (خطوطِ رشید احمد صدیقی سے ماخوذ)
تصانیف:
ہم نفسانِ رفتہ گنج ہائے گراں مایہ مضامینِ رشید
خنداں طنزیات و مضحکات آشفتہ بیانی
غالب کی شخصیت اور شاعری ہمارے ذاکر صاحب
علی گڑھ کی مسجدِ قرطبہ

حصہ نظم

① احسان دانش نظم: آزادی (فصیلِ سلاسل سے ماخوذ)
حدیثِ ادب
جہانِ دانش
شیرازہ
چراغاں
میراثِ مومن
گورستان
آتشِ خاموش

② حفیظ جالندھری نظم: مرزا قطب الدین ایبک (شاہنامۂ اسلام سے ماخوذ)
تصویرِ کشمیر
سوز و ساز
بہار کے پھول
تلخابہ شیریں
نغمہ زار
شاہنامۂ اسلام

③ میر ببر علی انیس نظم: نمودِ صبح (مراثی انیس سے ماخوذ)
کلیاتِ میر انیس
مراثی انیس

④ جوش ملیح آبادی نظم: کسان (شعلہ و شبنم سے ماخوذ)
روحِ ادب
یادوں کی بارات (خود نوشت)
جذباتِ فطرت
سنبل و سلاسل
سیف و سبو
جنون و حکمت
سرود و خروش
شاعری کی راتیں
شعلہ و شبنم
سموم و صبا
عرش و فرش
فکر و نشاط

⑤ جمیل الدین عالی نظم: اے دیس کی ہواؤ! (جیوے جیوے پاکستان سے ماخوذ)
جیوے جیوے پاکستان
غزلیں
دنیا میرے آگے
سفرنامہ آئس لینڈ
لاحاصل
دوہے
تماشا میرے آگے
نقار خانے
نئی کرن
گیت
سفرنامۂ چین

⑥ دلاور فگار نظم: کراچی کی بس (مطلع عرض ہے سے ماخوذ)
حادثے
آدابِ عرض
انگلیاں فگار اپنی
ستم ظریفیاں
مطلع عرض ہے
شامتِ اعمال
خدا جھوٹ نہ بلوائے

⑦ مرزا محمود سرحدی نظم: مسلمانانِ الجزائر (اندیشۂ شہر سے ماخوذ)
اندیشۂ شہر
سنگینے

⑧ امیر مینائی
مینائی کی کتابیں:
ارشاد السلاطین
ہدایت السلاطین
مینائی کی لغات: (2 جلدوں میں)
تنظیر اللغات
امیر اللغات
مینائی کے دیوان:
صنم خانۂ عشق
مراۃ الغیب
مینائی کی مثنویاں:
نورِ تجلی
ابرِ کرم
شامِ ابد
صبحِ ازل

⑨ نظیر اکبر آبادی نظم: برسات کی بہاریں (کلیاتِ نظیر سے ماخوذ)
کلیاتِ نظیر

⑩ علامہ محمد اقبال نظم: طلوعِ اسلام (بانگِ درا سے ماخوذ)
بانگِ درا
بالِ جبرائیل
ضربِ کلیم
ارمغانِ حجاز
اسرارِ خودی
رموزِ بے خودی
پیامِ مشرق
زبورِ عجم
جاوید نامہ
پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق

Day: Date:

حصہ غزل

① حسرت موہانیؒ

کلیاتِ حسرت	شرحِ دیوانِ غالب	مشاہداتِ زنداں
انتخابِ حسن	کلامِ حسرت	

② علی سکندر جگر مراد آبادیؒ

شعلۂ طور	جذباتِ جگر	تخیلاتِ جگر
نغماتِ جگر	دردِ جگر	آتشِ گل

③ فراق گورکھپوریؒ

نغمۂ ساز	غزلستان	شبستان
رمز و کنایات	اردو کی عشقیہ شاعری	روحِ کائنات
دھرتی کی کروٹ	گلبانگ	اردو غزل گوئی
حاشیے	اندازے	گلِ نغمہ

④ ادا جعفریؒ

میں ساز ڈھونڈتی رہی	شہر درد	موسم موسم
غزالاں تم تو واقف ہو	سازِ سخن بہار ہے	

اہم نکات

- شبلی کو ترکی حکومت نے تمغۂ مجیدیہ عطا کیا۔
- شبلی کو انگریز حکومت نے شمس العلما کا خطاب دیا۔
- اردو نثر کے عناصرِ خمسہ: ①سرسید۔ ②حالی۔ ③نذیر احمد۔ ④شبلی۔ ⑤محمد حسین آزاد ہیں۔
- حالی، غالب کے شاگرد رہے۔
- 'مدوجزرِ اسلام' حالی کی مشہور نظم ہے جو مسدسِ حالی کے نام سے مشہور ہوئی۔
- حالی کو اردو کا باقاعدہ پہلا تنقید نگار تسلیم کیا جاتا ہے۔
- محمد حسین آزاد نے شاعری میں شیخ ابراہیم ذوق سے اصلاح لی۔
- حکومت نے محمد حسین آزاد کو شمس العلماء کا خطاب دیا۔
- مولوی نذیر احمد کو انگریز حکومت کی طرف سے شمس العلماء کا خطاب دیا گیا۔
- منشی پریم چند کا اصل نام دھنپت رائے تھا۔

- منشی پریم کا قلمی نام پہلے نواب رائے تھا۔ بعد میں پریم چند اختیار کیا۔
- میرزا ادیب کا نام دلاور علی تھا۔
- مولوی نذیر احمد اور فرحت اللہ بیگ کی زبان دہلی کی ٹکسالی زبان ہے۔
- 22 سال کی عمر میں امتیاز علی تاج نے مشہور رومانی المیہ "انارکلی" تحریر کیا۔
- مزاح کے میدان میں تاج کی بہترین تصنیف "چچا چھکن" ہے۔
- زمانۂ طالبعلمی میں تاج نے رسالہ "کہکشاں" کے نام سے جاری کیا۔
- ڈاکٹر شفیق کے افسانوں کا پہلا مجموعہ "کرنیں" 1942 میں شائع ہوا۔
- کرنل محمد کی پہلی کتاب کا نام "بجنگ آمد" ہے۔
- شاہد احمد دہلوی نے ماہنامہ "ساقی" جاری کیا اور اسی نام سے ایک ڈپو بھی قائم کیا۔
- شاہد احمد دہلوی نے "انجمن ادبی جرائد پاکستان" بنائی۔
- اشرف صبوحی، شاہد احمد دہلوی کے رسالے "ساقی" کیلئے مضامین لکھتے رہے۔
- اشرف صبوحی نے "رمضان" کے نام سے ایک ماہنامہ دہلی سے جاری کیا۔ خواجہ حسن نظامی اس میں لکھتے رہے۔
- ڈاکٹر وحید قریشی کو 2003 میں اقبال ایوارڈ سے نوازا گیا۔
- ہاجرہ مسرور اور خدیجہ مستور بہنیں تھیں۔
- مولوی عبدالحق مدرسۃ العلوم میں عبدالحق فلسفی کے نام سے مشہور تھے۔
- مولوی عبدالحق نے تہذیب الاخلاق میں اردو کے مستقبل پر مضمون لکھا۔
- جامعہ عثمانیہ کا قیام مولوی عبدالحق کی تجاویز پر عمل میں لایا گیا۔
- مولوی عبدالحق نے کراچی میں جامعہ عثمانیہ کی طرز پر اردو کالج قائم کیا۔
- قدرت اللہ شہاب نے سرکاری سطح پر "رائٹرز گلڈ" کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔
- قدرت اللہ شہاب جنرل ایوب کے دور میں اسکے سیکرٹری رہے۔
- غالب، بہادر شاہ ظفر کے دربار میں مؤرخ اور پھر استاد شاہ کی حیثیت سے وابستہ رہے۔
- ظفر نے غالب کو نجم الدولہ۔ دبیر الملک۔ نظام جنگ کے خطابات عطا کیے۔
- نظیر اکبر آبادی کا اصل نام ولی محمد تھا۔
- نظیر اکبر آبادی کو عوامی شاعر کہا جاتا ہے۔
- حکومت برطانیہ نے اقبال کو "سر" کا خطاب دیا۔
- امیر نے مشہور شاعر مظفر علی اسیر کی شاگردی اختیار کی۔
- میر تقی میر نے پہلے آگرہ پھر دہلی اور پھر لکھنو میں سکونت اختیار کی۔
- آتش کو دبستان لکھنؤ کا نمائندہ شاعر کہا جاتا ہے۔
- آتش مصحفی کے شاگرد تھے۔
- غالب آگرہ میں پیدا ہوئے اور دہلی میں مدفون ہیں۔

- غالبؔ کے آباؤ کا پیشہ سپہ گری تھی۔
- ظفرؔ کے استاد شاہ نصیر اور ذوق تھے۔
- فنِ شاعری میں احسان دانشؔ نے کسی کی شاگردی اختیار نہیں کی۔
- دانشؔ کو شاعرِ مزدور کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔
- حفیظ جالندھری نے مولانا غلام قادر گرامی کی شاگردی پائی۔
- حفیظؔ جالندھری کو فردوسیٔ اسلام کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔
- جوش ملیح آبادی کا نام شبیر حسن اور تخلص جوشؔ تھا۔
- جوشؔ کو شاعرِ شباب اور شاعرِ انقلاب بھی کہا جاتا ہے۔
- جوشؔ کا پہلا مجموعہ "روحِ ادب" ہے۔
- عالی کا اصل نام مرزا جمیل الدین احمد خان اور قلمی نام جمیل الدین عالیؔ ہے۔
- عالی کے دادا نواب علاؤ الدین احمد خان، غالبؔ کے شاگرد تھے۔
- محمودؔ سرحدی کو اکبر الہ آبادی کی تقلید کی وجہ سے 'اکبرِ سرحد' کہا جاتا ہے۔
- حسرتؔ موہانی کا اصل نام سید فضل الحسن تھا۔
- حسرتؔ موہانی کو "رئیس المتغزلین" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔
- اداؔ جعفری کا اصل نام عزیز جہاں تھا۔
- ادا جعفری نے شروع میں ادا بدایونی کے نام سے شعر کہے۔
- اداؔ اپنی شاعری میں اخترؔ شیرانی اور نواب مرزا جعفر علی خان اثرؔ لکھنوی سے اصلاح لیتیں۔
- اداؔ کے شعری مجموعے "شہرِ درد" پر ادبی انعام سے نوازا گیا۔
- حکومتِ پاکستان کی طرف سے ادا کو تمغۂ امتیاز سے نوازا گیا۔

جماعت نہم

سبقی مشقوں سے اہم نکات

حصۂ نثر

① اخلاقِ نبوی

- جملے کے دو بڑے اجزا ہوتے ہیں۔ اسکو جملے کے اجزائے ترکیبی کہتے ہیں۔

① مُسنَد الیہ یعنی وہ شخص یا چیز جس کے بارے میں کچھ کہا جائے۔

② مسند یعنی وہ بات جو مُسنَد الیہ کے بارے میں کہی جائے۔

مسند الیہ اور مسند میں ایک تعلق پایا جاتا ہے جو کلام کو پورا کرتا ہے اور جملے میں کمی محسوس نہیں ہوتی۔ اس تعلق کو اسناد کہتے ہیں۔

② اسلام میں گداگری کی مذمت

فعلِ ناقص ایسا فعل ہے کہ جب تک فاعل کے علاوہ کوئی اور 'اسم یا صفت' اسکے ساتھ نہ ہو۔ بات کو مکمل نہیں کرتا۔ جیسے: ہے، ہیں، ہوں، ہو، تھا، تھے، تھی، تھیں۔

- جملۂ اسمیہ ایسا جملہ ہوتا ہے جسکے مسند الیہ اور مسند دونوں اسم ہوں اور ایک فعلِ ناقص بھی آئے۔
- جملہ اسمیہ کے فاعل کو 'مبتدا' اور صفت کو 'خبر' کہتے ہیں۔
- جملہ اسمیہ کے تین اجزا ہوتے ہیں: ① مبتدا ② خبر ③ فعلِ ناقص

③ قومی اتفاق

- جملۂ فعلیہ ایسا جملہ ہوتا ہے جس کا مسند الیہ تو اسم ہو مگر مسند میں کوئی فعل موجود ہو۔
- جملۂ فعلیہ دو طرح کے ہوتے ہیں:

① وہ جملہ فعلیہ جو صرف فاعل اور فعل لازم سے مل کر بنے۔ جیسے: اسلم دوڑا۔

② وہ جملہ فعلیہ جو فاعل، فعلِ متعدی اور مفعول سے بنے۔ جیسے: اسلم نے گھوڑے کو دوڑایا۔

④ انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا

مرکب الفاظ کے مجموعے کو کہتے ہیں۔ مرکب کی دو اقسام ہوتی ہیں۔

مرکبِ ناقص وہ مرکب ہوتا ہے جس سے سننے والے کو پورا مطلب حاصل نہ ہو جب تک کہ وہ کسی جملہ کا حصہ نہ ہو۔ جیسے: میرا قلم، ٹھنڈا شربت، وہ کتاب وغیرہ۔

مرکبِ تام وہ مرکب ہوتا ہے جس سے سننے والے کو پورا مطلب سمجھ آجائے۔ جیسے: یہ گھوڑا میرا ہے۔ مرکبِ تام کو مرکبِ مفید بھی کہتے ہیں اور جملہ بھی اسی کو کہتے ہیں۔

⑤ نصوح کا خواب

روزمرہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا وہ مجموعہ ہوتا ہے جو اہلِ زبان کی بول چال کے مطابق ہو اور اپنے حقیقی معنوں میں ہی استعمال ہوتا ہو نہ کہ مجازی لیکن الفاظ تبدیل نہیں ہوتے۔ جیسے: 'آئے دن' نہ کہ 'آئے روز'۔

محاورہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا وہ مجموعہ ہوتا ہے جو اہلِ زبان کا مرتب کردہ ہوتا ہے اور جس میں حقیقی کی بجائے مجازی معنی مراد لیے جائیں۔ جیسے: قسم کھانا، دل سے اترنا وغیرہ

⑥ سفارش طلب

روداد ایسی تحریر کو کہتے ہیں جس میں کسی کارروائی درج ہو۔

حصہ نظم

① حمد

کسی ایک چیز کو کسی خاص خوبی یا خامی کی وجہ سے دوسری چیز کی مانند قرار دینا **تشبیہ** کہلاتا ہے۔ جیسے: پانی کی طرح ٹھنڈا۔ آگ جیسے برہم۔

نظم

نظم کی اقسام مندرجہ ذیل ہیں۔

- جو نظم اللہ تعالیٰ کی تعریف میں لکھی جائے، اسے **حمد** کہتے ہیں۔
- جو نظم رسول پاک کی تعریف میں لکھی جائے، اسے **نعت** کہتے ہیں۔
- جس نظم میں اولیائے اللہ یا بزرگانِ دین کی تعریف لکھی جائے، اسے **منقبت** کہتے ہیں۔
- جس نظم میں خدا سے التجا کی جائے اور دین و دنیا کی بھلائی مانگی جائے، اسے **مناجات** کہتے ہیں۔
- جو نظم کسی بادشاہ، وزیر یا کسی مالدار آدمی کی تعریف میں لکھی جائے، اسے **قصیدہ** کہتے ہیں۔
- جس نظم میں کسی کی موت پر غم کا اظہار کیا جائے، اسے **مرثیہ** کہتے ہیں۔
- وہ طویل نظم جس میں کوئی قصہ کہانی، کسی جنگ کے حالات یا فلسفے کی کوئی لمبی چوڑی بات بیان کی گئی ہو، اسے **مثنوی** کہتے ہیں۔

اصنافِ سخن

② نعت

اگر کوئی لفظ اپنے اصلی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہو اور اصلی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو، اسے **استعارہ** کہتے ہیں۔ جیسے اسلام کیلئے 'سیدھی راہ' یا 'راہ راست'۔ غزنوی کیلئے 'شیر'۔ عالم کیلئے 'چراغ'

نظم کی ہیتیں

- جب نظم کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں **مثلث** کہلاتی ہے۔
- جب نظم کے ہر بند میں چار مصرعے ہوں **مربع** کہلاتی ہے۔
- جب نظم کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں **مخمس** کہلاتی ہے۔
- جب نظم کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں **مسدس** کہلاتی ہے۔

③ طلوعِ اسلام

شاعر کا قلمی نام اسکا **تخلص** کہلاتا ہے۔ شاعر عموماً اسے اپنی غزل یا نظم کے آخری شعر میں استعمال کرتا ہے۔

حصہ غزل

① مرزا اسد اللہ خان غالب کی غزلیں

اگر کسی لفظ کو حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال کیا جائے کہ حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق پایا جائے تو اسے **مجازِ مرسل** کہتے ہیں۔

② بہادر شاہ ظفر کی غزلیں

کنایہ کے لغوی معنی ہیں چھپا کر بات کہنا۔ یعنی بات کچھ اس انداز سے کرنا کہ مدعا کی وضاحت نہ ہونے پائے۔ اصطلاح میں کنایے سے مراد یہ ہے کہ کوئی لفظ اپنے حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں کچھ اس طرح استعمال کیا جائے کہ حقیقی اور مجازی دونوں مراد لیے جا سکیں۔ جیسے: اس کے بال سفید ہو گئے ہیں۔ اس سے کنایۃً یہ مراد لی جاتی ہے کہ وہ بوڑھا ہو گیا ہے۔

ایکسٹراز

س۔ مندرجہ ذیل کے متضاد لکھیں۔

الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد
کثرت	قلت	جامع	
فروخت	خرید	بھاری	ہلکا
سوار	پیدل	حاضر	غیر حاضر
داخل	باہر	تندرست	بیمار/ علیل
کامیابی	ناکامی	سُست	تیز/ تند/ چست

س۔ مندرجہ ذیل محاورات و تراکیب کو اپنے جملوں میں استعمال کریں

محاورات	معنی	جملے
کام تمام کرنا		
آنکھ بند ہونا		
سکوت کا عالم		
کمر بستہ ہونا		
دل جوئی کرنا		
برہم ہونا		
ٹھوکریں کھانا		
چیں بہ جبیں ہونا		
جلی کٹی سنانا		
جان پر بڑ جانا		
کہرام مچانا		
نوبت آنا		
شہرہ ہونا		
ٹس سے مس نہ ہونا		
ناک میں دم کرنا		
جھاڑو پھیرنا		
صلواتیں سنانا		
بکھر جانا		
اودھم مچانا		

آوارہ ہونا		
ماتھا ٹھنکنا		
آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا		
منہ پھلانا		
دن پھرنا		
محشر بپا کرنا		
گھنگھور گھٹا ہونا		

نظیر اکبر آبادی ہیئت کے اعتبار سے معلم تھے-
نظم "برسات کی بہاریں" مخمس ہیئت میں لکھی گئی ہے

س - جملے درست کریں -

① وہ آبِ زم زم کا پانی لایا ہے -
وہ آبِ زم زم لایا ہے -

② پاکستان دن بدن ترقی کر رہا ہے -
پاکستان روز بروز ترقی کر رہا ہے -

③ میں نے لاہور جانا ہے -
مجھے لاہور جانا ہے -

④ ہمارا قومی زبان اُردو ہے -
ہماری قومی زبان اُردو ہے -

⑤ خوشحال خان خٹک پشتو زبان کی شاعر تھا -
خوشحال خان خٹک پشتو کے شاعر تھے -

⑥ یہاں دفتر جانے کو دیر ہو رہا ہے -
یہاں دفتر جانے میں دیر ہو رہی ہے -

⑦ جو خطا ہوئی، معاف کیجئے -
جو خطا ہوئی، معاف کیجئے -

⑧ میرے دل میں بار بار یہ خیال پیدا ہوتی ہے -
میرے دل میں بار بار یہ خیال پیدا ہوتا ہے -

⑨ معلوم نہیں کب آنکھیں بند ہو جائے -
معلوم نہیں کب آنکھیں بند ہو جائیں -

⑩ عباسی نے ڈرتے ڈرتے دروازے کو کھولا۔

عباسی نے ڈرتے ڈرتے دروازہ کھولا

⑪ نیکی کر سمندر میں ڈال ۔

نیکی کر دریا میں ڈال ۔

⑫ وہ غصے سے زرد پیلا ہو گیا ۔

وہ غصے سے لال پیلا ہو گیا ۔

⑬ وہ بے ناغہ سکول جاتی ہے ۔

وہ بلاناغہ سکول جاتی ہے ۔

⑭ میں آپ کا تابعدار ہوں ۔

میں آپ کا فرمانبردار ہوں ۔

⑮ یہ ماہِ رمضان کا مہینہ ہے ۔

یہ ماہِ رمضان ہے ۔

س۔ مندرجہ ذیل میں سے مذکر اور مؤنث الگ کریں ۔

مذکر: کمبل، مطالعہ، پردہ، رسالہ، بیگ، ناغہ ۔

مؤنث: دستک، جنبش، شکایت، بارش ۔

س۔ خالی جگہوں میں درست حروف کا استعمال کریں ۔

① حسان نے نعمان سے/کو کہا ۔

② مصباح الحق نے فقیر کو روٹی دی ۔

③ نوید نے عرفان کے بھائی کو بلایا ۔

④ میں اصغر سے ملاقات کو گیا تھا ۔

⑤ مریم کو/نے لاہور جانا ہے ۔

جماعت دہم

سبق مشقوں سے اہم نکات

حصّہ نثر

① مولوی عبدالحق

کسی بھی جملے کے اجزا کو الگ الگ کرکے لکھنا **تقطیع** کہلاتا ہے۔

① جملہ اسمیہ کی تقطیع یوں ہوگی۔

حرا ← مبتدا ← مسند الیہ
خوش ← خبر
ہے ← فعل ناقص
(خبر، فعل ناقص) ← مسند
(مسند الیہ، مسند) ← جملہ

② بغیر مفعول کے جملہ فعلیہ کی تقطیع یوں ہوگی۔

سارا ← فاعل ← مسند الیہ
آئی ← فعل ← مسند
(مسند الیہ، مسند) ← جملہ

③ مفعول والے جملہ فعلیہ کی تقطیع یوں ہوگی۔

حرا ← فاعل ← مسند الیہ
نے ← علامتِ فاعل
سبق ← مفعول
پڑھا ← فعل
(علامتِ فاعل، مفعول، فعل) ← مسند
(مسند الیہ، مسند) ← جملہ

خاکہ نگاری

سیاق و سباق کے لغوی معنی ہیں "مضمون کا اپنے مقابل سے ربط یا تسلسل"۔

② پیر ناتی

س۔ مندرجہ ذیل جملوں کی تقطیع کریں۔

①

③ علامہ اقبال کا تصورِ وطنیت

مضمون کے لغوی معنی ہیں: "ضمن میں لیا ہوا"۔ ادبی اصطلاح میں مضمون سے مراد ایسی معلوماتی تحریر ہے جو زندگی کے حقائق اور مسائل پر ادبی انداز میں لکھی گئی ہو۔ مضمون میں کسی بھی متعین موضوع پر مدلل، سنجیدہ اور معروضی بحث کے ذریعے کوئی حقیقت، خیال یا نقطۂ نظر کو قاری تک پہنچایا جاتا ہے۔

مضمون تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے: ① تمہید ② نفسِ مضمون ③ خاتمہ

④ مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

مزاح کے لغوی معنی ہنسی اور مذاق کے ہیں۔ ادبی اصطلاح میں مزاح نگاری سے مراد ایک ایسی تحریر ہے جو حقیقی مسکراہٹ یا ہنسی پیدا کرے۔ مزاح کو ظرافت سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے مگر ان میں ایک واضح فرق ہے۔

ظرافت کا مقصد محض ہنسانا ہے اور اِس ہنسی میں اکثر اوقات عامیانہ پن بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ جبکہ:

مزاح نگاری میں محض ہنسی پیدا نہیں ہوتی بلکہ غور و فکر کی بھی دعوت ہوتی ہے۔

بقول مشتاق احمد یوسفی:

"میں اس کو مزاح تصور کرتا ہی نہیں جو غور و فکر کی دعوت نہ دے۔ مزاح وہ ہے جو تفکر پیدا کرے"۔

⑤ ایک کہانی بڑی پرانی

تذکیر سے مراد کسی لفظ کو مذکر بولنا۔ جبکہ تانیث کے معنی ہیں کسی لفظ کو بطور مونث بولنا۔

اردو میں جن الفاظ کے آخر میں "ا" عموماً مذکر بولے جاتے ہیں۔ جبکہ

وہ الفاظ جن کے آخر میں یا ئے ہوز (ہ) ہو تو مونث بولے جاتے ہیں۔

حقیقی تذکیر و تانیث کو بدلنے کے طریقے جب۔

① مذکر کے آخر پر 'ا' ہٹا کر یائے معروف لگانا۔ جیسے:

② مذکر کے آخری حرف کو حذف کر کے یا بلا حذف کے 'نی' کا اضافہ کرنا۔ جیسے: تایا ← تائی

③ مذکر کے آخری حرف کو حذف کر کے یا بلا حذف کے 'انی' کا اضافہ کرنا۔ جیسے: دیور ← دیورانی

مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث
پھوپھا	پھوپھی	دادا	دادی	لڑکا	لڑکا
چچا	چچی	نانا	نانی	بھٹیارہ	بھٹیارن
ماما	مامی	بیٹا	بیٹی	ہندو	ہندوانی

ہاتھی	ہتھنی	شیخ	شیخانی	سید	
اونٹ	اونٹنی	فقیر	فقیرنی	مور	مورنی
مہتر	مہترانی	ملّا	ملوانی	مغل	مغلانی
استاد	استانی	بھوت	بھُتنی	شیر	شیرنی
پنڈت	پنڈتانی	جاٹ	جٹّنی	نٹ	نٹنی
راجا	رانی	بوڑھا	بوڑھی	بھانجا	بھانجی
پوتا	پوتی	جولاہا		کنوارہ	کنواری
پٹھان	پٹھانی	مہاراجا	مہارانی	شہزادہ	شہزادی
نواسہ	نواسی	گدھا	گدھی	چیونٹا	چیونٹی
مرغا	مرغی	لنگڑا	لنگڑی	بندہ	بندی

ایسا جملہ یا فقرہ جو مثال کے طور پر مشہور ہو جائے، ضرب المثل کہلاتا ہے۔

ضرب المثل کے حقیقی یا لفظی معنی جو بھی ہوں اس کو کسی موزوں اور مناسب موقع پر جوں کا توں بولا جاتا ہے۔ اس کو کہاوت بھی کہا جاتا ہے۔

کہاوت یا ضرب المثل کسی تہذیب کے صدیوں کے تجربات اور مشاہدات کا نچوڑ ہوتی ہے۔

کچھ ضرب الامثال:

① ایک انار سو بیمار۔ ② ابھی دلی دور ہے۔ ③ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔

④ رام رام جپنا، پرایا مال اپنا ⑤ زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو۔

افسانہ سے مراد وہ مختصر تحریر، قصہ، کہانی یا واقعہ ہے، جس کے تمام کردار و واقعات فرضی، خیالی ہوتے ہیں۔

افسانے میں ادیب زندگی کے کسی ایک گوشے پر روشنی ڈالتا ہے۔ افسانہ اپنے اختصار کی بنا پر ایک ہی نشست میں پڑھا جا سکتا ہے۔

- اردو میں افسانے کا باقاعدہ آغاز بیسویں صدی کے اوائل میں ہوا۔
- سجاد حیدر یلدرم اردو کے پہلے افسانہ نگار مانے جاتے ہیں۔

⑥ ماں کی نصیحت

جب کسی لفظ کو حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال کیا جائے کہ اس میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق پایا جائے۔ اسے مجازِ مرسل کہتے ہیں۔

مجازِ مرسل کی کئی اقسام ہیں۔

① جز سے کل مراد لینا ② کل سے جز مراد لینا ③ ظروف سے شے مراد لینا
④ ماضی سے حال مراد لینا ⑤ حال سے ماضی مراد لینا۔ ⑥ سبب سے مسبب مراد لینا
⑦ مسبب سے سبب مراد لینا

مجازِ مرسل کی کچھ مثالیں:

- وہ ساری پلیٹ کھا گیا۔
- میں نے کتاب بازار سے خریدی ہے۔
- آج اگر محنت نہ کی تو کل پچھتانا پڑے گا۔
- اقبال نے شاعری کے ذریعے قوم کو بیدار کیا۔

لوک کہانی سے مراد عوامی کہانی ہے یعنی وہ قصے کہانیاں جو عوام میں مروّج ہوں۔ لوک کہانیاں اسلاف یا اجداد کی جانب سے سینہ در سینہ اور نسل در نسل چلی آنے والی داستانیں ہوتی ہیں جن کی عام طور پر کوئی تحریری حیثیت نہ رہی ہو۔
لوک کہانیاں ہر خطے اور ہر علاقے میں پائی جاتی ہیں اور یہ عوام کی اخلاقی، تہذیبی، اور معاشرتی اقدار کی عکاسی کرتی ہیں۔

⑦ نام دیو مالی

جملہ معترضہ سے مراد ایسا جملہ ہے جو اصل جملے کی وضاحت کے لئے آئے اور اصل جملے کے خیال کو واضح کرنے میں مدد دے۔ جملہ معترضہ قوسین میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے:

- امجد (خدا بخشے) بڑے باکمال انسان تھے۔

خاکے کے لغوی معنی ابتدائی نقشہ یا ڈھانچہ کے ہیں۔ ادب کی اصطلاح میں خاکہ سے مراد ایسا مضمون یا تحریر ہے جو کسی شخصیت کا بھرپور تاثر پیش کرے، جس میں اُس شخصیت کے خدوخال کے ساتھ ساتھ اُسکی سیرت و کردار کی بھی عکاسی کی جائے۔
خاکہ نگاری نہ تو شخصیت نگاری ہے اور نہ ہی سوانح نگاری بلکہ خاکہ نگار کا مقصد کسی شخصیت کے مزاج، افتادِ طبع اور افکار و کردار کی مدد سے اُس کی انفرادیت کو اُجاگر کرنا ہوتا ہے۔ جس سے شخصیت کے مثبت و منفی، خلوت و جلوت کے دونوں پہلو قاری کے سامنے آ جائیں۔

- اُردو میں فرحت اللہ بیگ کے مضمون "نذیر احمد کی کہانی، کچھ اُنکی کچھ میری زبانی" سے باقاعدہ خاکہ نگاری کا آغاز ہوا۔

⑧ سرابِ منزل

- سبق 'سرابِ منزل' ایک سفرنامہ ہے۔ حج کے بارے میں۔

سفرنامہ کسی سفر کے حالات و واقعات کا بیان یا روداد ہے۔ فنی اصطلاح میں سفرنامہ سے مراد ایسی بیانیہ تحریر ہے جس میں مسافر یا سیاح شروع سے لے کر سفر کے اختتام تک اپنے تمام مشاہدات، کیفیات اور قلبی واردات کو بیان کرتا ہے۔

سفرنامے میں صرف خارجی ماحول کو بیان نہیں کیا جاتا بلکہ اس میں سفرنامہ نگار زندگی کے دوسرے جزئیات کو بھی تحریر کے احاطے میں لاتا ہے۔

- اُردو کا پہلا سفرنامہ نگار یوسف خان کمبل پوش ہے جس کا سفرنامہ "عجائباتِ فرنگ" 1848ء میں شائع ہوا۔

مرکبات

مرکب کے لغوی معنی ہیں: ترکیب دیا ہوا۔ ملایا ہوا۔ قواعد کی رو سے مرکبات سے مراد دو یا دو سے زیادہ کلمات کو ملانا یا ترکیب دینا ہے۔ مرکب کی دو اقسام ہیں۔

① **مرکبِ تام** یا جملہ جسکا مطلب سننے والے کو سمجھ آ جائے۔

② **مرکبِ ناقص** ایسا مرکب ہوتا ہے جس سے سننے والا پورا مطلب نہ سمجھ سکے۔

مرکبِ ناقص کی کئی اقسام ہیں جیسے:

① مرکبِ اضافی ② مرکبِ توصیفی ③ مرکبِ عطفی ④ مرکبِ جاری

حصہ مکاتیب

① مکاتیبِ غالب

مکتوب کے لغوی معنی 'لکھا گیا یا تحریر' کے ہیں۔ جبکہ اصطلاحی زبان میں مکتوب سے مراد خط ہے۔ یہ عربی زبان کا لفظ ہے۔

خط لکھنے والے کو کاتب اور جس کو لکھا جائے اُسے مکتوب الیہ کہتے ہیں۔

مکتوب نگاری سے مراد اپنے دور رہنے والے رشتہ داروں، دوستوں، سرکاری و غیر سرکاری افسران کو اپنی بات تحریری صورت میں پہنچانا۔

- اُردو ادب میں جدید نثر نگاری کی بنیاد بھی غالب کے خطوط سے پڑی۔
- جن ادباء کے خط اُردو نثر میں خزینے گردانے جاتے ہیں وہ ہیں: غالب، علامہ اقبال، پطرس بخاری، سرسید احمد خان، ابوالکلام آزاد، اکبر الہ آبادی، مولانا شبلی نعمانی۔
- خطوط تین طرح کے ہوتے ہیں۔

① نجی ② کاروباری ③ دفتری یا سرکاری

نجی خطوط کے حصے:

① مقام و تاریخ ② القاب و آداب ③ نفسِ مضمون ④ خاتمہ

مقام کا نام کاغذ کے دائیں گوشے میں لکھا جاتا ہے۔ اسکے نیچے ایک لکیر ڈال کر تاریخ لکھی جاتی ہے۔

القاب و آداب مکتوب الیہ کے درجے اور شان کے مطابق لکھے جاتے ہیں۔ جیسے والد کے لئے پیارے ابا جان، اجنبی کے لئے محترمی و مکرمی وغیرہ

نفسِ مضمون میں جملے چھوٹے، برجستہ، موزوں اور شگفتہ ہونے چاہیے۔ تحریر صاف اور بے ساختہ ہو۔ املا کی غلطیاں نہ ہوں۔

خاتمے پر کاغذ کے نصف سے بائیں طرف "والسلام" لکھا جاتا ہے۔ اور اسکے نیچے اپنا نام لکھا جاتا ہے۔

② رشید احمد صدیقی کے مکاتیب

اضافت اُس تعلق کو کہتے ہیں جو دو اسموں کے درمیان پایا جاتا ہے۔ جس اسم کا تعلق ظاہر کیا جائے وہ "مضاف" اور جس اسم کے ساتھ تعلق ظاہر کیا جائے، اسے مضاف الیہ کہتے ہیں۔ اِن دونوں کے ملنے سے **مرکبِ اضافی** بنتا ہے۔ انہیں حرفِ اضافت یعنی کا۔ کے۔ کی کے ذریعے مِلایا جاتا ہے۔

اُردو میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں آتا ہے جبکہ فارسی میں حرفِ اضافت کی جگہ مضاف کو پہلے لا کر اُس کے نیچے زیر لگانے سے مرکب واضح ہو جاتا ہے۔

اُردو میں = حمیرا کی ٹوپی اور فارسی میں = گلِ نرگس، دخترِ وطن۔

فارسی میں بنے والے مرکبات اُردو میں بھی اِسی طرح استعمال ہوتے ہیں۔

مرکبِ توصیفی وہ مرکب ہے جو صفت اور موصوف سے مل کر بنے جیسے، نیک لڑکا۔

اُردو میں صفت اپنے موصوف سے پہلے آتا ہے۔ عربی میں اسکے برعکس ہوتا ہے۔

موصوف اس اسم کو کہتے ہیں جس کو کسی صفت کے ساتھ مرکب کیا جائے۔

حصہ نظم

نظم کے لغوی معنی ہیں 'پرونا'۔ شاعری کی اصطلاح میں نظم اشعار کے اس مجموعے کو کہتے ہیں جو کسی ایک خیال یا موضوع کے تحت لکھے گئے ہوں۔ شاعر اسی خیال یا موضوع کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتا ہے۔ نظم کے اشعار کی تعداد

متعین نہیں ہے۔

- موضوعاتی لحاظ سے نظم کی کئی اقسام ہیں جن میں حمد، نعت، مرثیہ، قصیدہ وغیرہ شامل ہیں۔
- نظیر اکبر آبادی نے شاعری میں نظم کو رواج دیا۔ بعد میں مولانا الطاف حسین حالی نے محمد حسین آزاد کے ساتھ مل کر نظم لکھنے کی تحریک چلائی۔

① آزادی

- غزل کے پہلے شعر کو **مطلع** کہا جاتا ہے۔ مطلع کے دونوں مصرعے آپس میں ہم قافیہ و ہم ردیف ہوتے ہیں یا صرف ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ مطلع کے لفظی معنی طلوع ہونے کے ہیں۔
- غزل یا نظم کے آخری شعر کو **مقطع** کہا جاتا ہے۔ جس میں اکثر شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔ مقطع کا لفظ 'قطع' سے ماخوذ ہے جسکے معنی ہیں: کاٹ دینا۔
- شعر کے آخر میں آنے والا ایک لفظ یا کئی الفاظ جو وزن اور آواز میں یکساں مگر معنی کے اعتبار سے جدا ہوں **قافیہ** کہلاتے ہیں۔ لفظ قافیہ کے معنی ہیں۔ پیچھے آنے والا۔
- شعر کے آخر میں آنے والا لفظ یا الفاظ جو بار بار آتے ہیں **ردیف** کہلاتے ہیں۔ ردیف کے لفظی معنی ہیں: وہ شخص جو اونٹنی پر سوار ہو اور پیچھے بیٹھا ہوا ہو۔

② مرزا قطب الدّین ایبک

- وہ مرکب **مرکبِ عطفی** کہلاتا ہے جو معطوف علیہ اور معطوف سے مل کر بنے اور اسے حرفِ عطف کے ذریعے ملایا جائے۔ جیسے: اور، و، یا۔

حرفِ عطف سے پہلے آنے والے اسم کو معطوف علیہ اور بعد میں آنے والے اسم کو معطوف کہتے ہیں۔ جیسے عمر اور ماریہ

- وہ مرکب **مرکبِ جاری** کہلاتا ہے جو اسم اور حرفِ جار سے مل کر بنے۔ مرکبِ جاری میں اسم کو مجرور کہا جاتا ہے۔ جیسے کراچی سے۔ میز پر

اردو میں پانچوں مرکبات کی ساخت

① مرکبِ اضافی: مضاف الیہ + کا/کے/کی + مضاف۔ اسلم کی گاڑی، اکرم کا قلم۔
② مرکبِ توصیفی: صفت + موصوف۔ ٹھنڈا پانی، ملائم کپڑا۔
③ مرکبِ عطفی: معطوف علیہ + و/اور/یا + معطوف۔ نیا اور پرانا، گاڑی اور قلم، گفت و شنید۔
④ مرکبِ جاری: + مجرور + حرفِ جار۔ کراچی تک، فرحان کے لئے
⑤ مرکبِ اشاری: اسم اشارہ (یہ/وہ) + مشار الیہ۔ یہ کرسی، وہ دیوار

علمِ بیان سے مراد مجاز کے ایسے قواعد اور ضوابط کا علم ہے جن کے ذریعے سے ایک بات کو معنی کے لحاظ سے مختلف طریقوں سے ادا کیا جا سکے۔ اس کا مقصد کلام یا بیان میں تاثیر اور اسلوب میں ندرت پیدا کرنا ہے۔ علمِ بیان کے قاعدے درج ذیل ہیں۔

① تشبیہ ② استعارہ ③ مجازِ مرسل ④ کنایہ

- حفیظ جالندھری نے آزاد جموں و کشمیر کا قومی ترانہ بھی لکھا ہے۔
- یومِ یکجہتیِ کشمیر 5 فروری کو منایا جاتا ہے۔

③ نمودِ صبح

علمِ بدیع:

بدیع کے لغوی معنی انوکھا اور نادر کے ہیں۔ علمِ بدیع سے مراد وہ علم ہے جس کے ذریعے کلام میں لفظی اور معنوی لحاظ سے خوبیاں اور اچھوتا یا نادر پن پیدا ہو سکے۔ بالفاظِ دیگر: یہ کلام کی آرائش و زیبائش ہے۔

- علمِ بدیع کے ذریعے کلام میں دو طرح کی خوبیاں پیدا کی جاتی ہیں۔

① صنائعِ لفظی یعنی کلام میں لفظی حُسن پیدا کرنا۔
② صنائعِ معنوی یعنی کلام میں معنوی حُسن پیدا کرنا۔

- علمِ بدیع کی چیدہ چیدہ صنعتیں حسبِ ذیل ہیں۔

① صنعتِ تلمیح ② صنعتِ تلمیع ③ صنعتِ تضاد ④ صنعتِ مراعات النظیر

صنعتِ تلمیح: قواعد کی رو سے کلام میں ایسے الفاظ یا ترکیب لانا جو کسی قرآنی آیت، حدیثِ نبوی، تاریخی واقعے، داستان، روایتی کہانی، تہذیبی یا ثقافتی روایت یا کسی علمی و فنی اصطلاح کی طرف اشارہ کرے۔ تلمیح کہلاتا ہے۔ ایسے الفاظ و تراکیب سے قاری یا سامع کا ذہن اُس بات، واقعے یا روایت کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ [illegible] تلمیح کا لفظ عربی کے 'لمح' سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں: اشارہ کرنا

④ کسان

- کلام میں دو یا دو سے زائد ایسے الفاظ لانا جن کے معنی ایک دوسرے سے متصادم یا متضاد ہوں تو اسے صنعتِ تضاد کہتے ہیں۔ جیسے: صبح و شام، ہنسنا و رونا، جینا و مرنا وغیرہ۔

مرکبِ اشارہ وہ مرکب ہوتا ہے جو اسمِ اشارہ اور مشار الیہ سے مل کر بنے۔
جیسے: یہ کرسی۔ وہ دیوار۔
یہ۔ وہ۔ اسمِ اشارہ ہیں جو دوسرے اسم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ جس اسم کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشار الیہ کہتے ہیں۔

⑤ اے دیس کی ہواؤ!

گیت کے لغوی معنی نغمہ یا سُرود کے ہیں۔ گیت کا تعلق فنِ موسیقی سے ہے اس لیے اس میں شاعرانہ ترنّم کے ساتھ ساتھ موسیقار کے فن یعنی سُر اور تال کو بھی خاص اہمیت حاصل ہوتی ہے۔

- گیت میں شاعر اپنے جذبات و احساسات اور ہجر و فراق کو والہانہ انداز میں بیان کرتا ہے۔
- گیت اردو شاعری میں ہندی سے آیا ہے۔
- گیت کی کوئی مقرر ہیئت نہیں ہوتی۔

ایسا نغمہ یا گیت جس میں مِلّت یا قوم کا ذکر کرتے ہوئے محبت کا والہانہ اظہار کیا گیا ہو مِلی نغمہ کہلاتا ہے۔

⑥ کراچی کی بس

طنز و مزاح میں فرق

- مزاح ہنسی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ تفکّر کی دعوت بھی دیتا ہے۔
- طنز میں نفرت، برہمی اور نشتریت کا عنصر پایا جاتا ہے۔ طنز نگار اگرچہ ہنسی اور دل لگی کے پردے میں طنز کے نشتر چلاتا ہے مگر جس چیز پر ہنستا ہے اس کو ناپسند کرتا ہے اور اسکو تبدیل کرنے کا خواہاں ہوتا ہے۔
- طنز نگار ایک دردمند دل کا مالک ہوتا ہے اور وہ ماحول کی ناہمواریوں، بے اعتدالیوں اور برائیوں پر اصلاح کے لیے چوٹ کرتا ہے۔
- طنز و مزاح لازم و ملزوم ہیں کیونکہ مزاح کے بغیر طنز دل آزاری کا سبب بنتا ہے۔

حصّہ غزل

غزل کے اصطلاحِ شعر و سخن میں معنی ہیں شاعری کی وہ صنف جس میں معاملاتِ حُسن و عشق کا بیان خلوص دل کے ساتھ ایک خاص آہنگ میں کیا جاتا ہے۔ دل کے جذبات کا اظہار، ہجر و وصال کی کیفیات، شکایاتِ زمانہ اور تصوف، غرض ہر طرح کا موضوع غزل میں بیان ہوسکتا ہے۔

- غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے۔
- غزل کا آخری شعر مقطع کہلاتا ہے۔
- غزل کے بہترین شعر کو بیت الغزل کہتے ہیں۔
- غزل کا ہر شعر موضوع اور خیال کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے۔
- غزل کے اشعار کی کم از کم تعداد پانچ جبکہ زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

غزل اور نظم میں فرق

- نظم کسی مسلسل خیال یا موضوع کی وضاحت کرتی ہے جبکہ غزل کا ہر شعر اپنی جگہ ایک مستقل اکائی کی حیثیت رکھتا ہے۔
- نظم کی ہیئت اور ساخت کے اعتبار سے کئی صورتیں (قسمیں) ہیں جبکہ غزل ایک ہی ہیئت اور ساخت میں لکھی جاتی ہے۔
- نظم کے مقابلے میں غزل ایک فصیح صنفِ سخن ہے۔ بقول الطاف حسین حالی: "جس آسانی سے غزل کے اشعار یاد ہو سکتے ہیں کوئی کلام یاد نہیں ہو سکتا"۔

ایلسٹراز

س - فقرے درست کریں -

① آج صبح سے سر کے اندر درد ہو رہا ہے -

آج صبح سے سر میں درد ہو رہا ہے -

② اس کے سر کے اوپر غموں کا پہاڑ ٹوٹ پڑا -

اس کے سر پر غموں کا پہاڑ ٹوٹ پڑا -

③ فی الحقیقت میں دلائی بہہ نامے کی تجوری تھی -

حقیقت میں دلائی بہ نامے کی تجوری تھی -

④ تم کبھی جھوٹ نہیں بولنا -

تم کبھی جھوٹ مت بولنا

⑤ یہاں تو اُلٹی جمنا بہہ رہی ہے -

یہاں تو اُلٹی گنگا بہہ رہی ہے -

⑥ اُس نے تو اپنے پاؤں پر خود ہتھوڑا مارا ہے -

اُس نے تو اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑا مارا ہے -

⑦ ہر کوئی اپنا بھالو سیدھا کرنے میں لگا ہے -

ہر کوئی اپنا الو سیدھا کرنے میں لگا ہے -

⑧ تم نے جیسے جلتی پر پانی ڈال دیا -

تم نے جیسے جلتی پر تیل ڈال دیا -

⑨ یہ سنگِ مرمر کا پتھر ہے -

یہ سنگِ مرمر ہے -

⑩ ابنِ بطوطہ ایک سیان تھا -

ابنِ بطوطہ ایک سیاح تھا -

⑪ مالی نے گُلِ نرگس کا پھول توڑا -

مالی نے گُلِ نرگس توڑا -

⑫ اکبر نے پانی پی لی ہے -

اکبر نے پانی پی لیا ہے -

⑬ ہارون میرا ہم جماعتی ہے -

ہارون میرا ہم جماعت ہے -

⑭ روشن دان کو بند کر دو -

روشن دان بند کر دو -

⑮ کسی کے مذہب پر نقطہ چینی نہ کرو۔

کسی کے مذہب پر نقطہ چینی مت کرو۔

⑯ عورتیں بھی تحریکِ آزادی میں حصہ لیتیں تھیں۔

عورتیں بھی تحریکِ آزادی میں حصہ لیتی تھیں۔

⑰ آپ کی مدد ضرور کیا جائے گی۔

آپ کی مدد ضرور کی جائے گی۔

⑱ ابرار نے سالن کے ساتھ روٹی کھایا۔

ابرار نے سالن کے ساتھ روٹی کھائی۔

س۔ درج ذیل محاورات و تراکیب کو جملوں میں استعمال کریں۔

محاورات	معنی	جملے
خون میں اُبال آنا		
اللے تللے کرنا		
ناک میں دم کرنا		
بلائیں لینا		
بڑھاپے میں مٹی خراب ہونا		
ال مفت دلِ بے رحم		

س- درج ذیل میں سے مذکر اور مونث علیحدہ لکھیں۔

مذکر	مونث
قول، واسطہ، جوش، افکار مقبرہ، چمن، اتفاق، علاج، صلہ، قحط، انعام، سایہ، حج، پانی، ٹرک، خیمہ	صدا، حالت، طبیعت، ملاقات، نعمت، شناخت، مدد، گرمی، آواز، رات، چادر، لڑائی، بس،

س- درج ذیل میں سے واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع
غریب	غربا	جاہل	جہلا	شکل	اشکال
لفظ	الفاظ	خیال	خیالات	لقب	القاب
تصنیف	تصانیف	لباس	اَلبِسہ لباسات	فاتح	فاتحین
شریک	شرکا	جذبہ	جذبات	تعمیر	تعمیرات
حرف	حروف	مزار	مزارات	مرکز	مراکز
مندوب	مندوبین	مقبرہ	مقبرے / مقابر	جزیرہ	جزائر

س- اعراب لگائیں۔

نَفْرِیْن	مَجْمَعْ	نَحِیْف و نَزار	اَحْبَاب	قَیَامَت
سَخُن	مُنْتَظِر	اُمَّت	عَقِیْدَت	اِمْتِحَان

س- ذیل میں دیے گئے جملوں کو جملہ معترضہ کے حوالے سے درست کریں۔

① حکیم محمد سعید مرحوم ایک منجھے ہوئے سفرنامہ نگار تھے۔ خدا انہیں جنت نصیب کرے۔

- حکیم محمد سعید مرحوم (خدا انہیں جنت نصیب کرے) ایک منجھے ہوئے سفرنامہ نگار تھے۔

② لطیف صاحب ہمارے پڑوسی کل ہمارے گھر آئے تھے۔

لطیف صاحب (ہمارے پڑوسی) کل ہمارے گھر آئے تھے۔

③ اسلام آباد پاکستان کا دارالخلافہ ایک خوبصورت شہر ہے۔

اسلام آباد (پاکستان کا دارالخلافہ) ایک خوبصورت شہر ہے۔

④ اکرم تمھارا چچازاد امتحان میں اوّل آیا ہے۔

اکرم (تمھارا چچازاد) امتحان میں اوّل آیا ہے۔

⑤ انارکلی امتیاز علی تاج اردو کے نامور ڈراما نگار کا شاہکار ڈراما ہے۔

انارکلی۔ امتیاز علی تاج (اردو کے نامور ڈراما نگار) کا شاہکار ڈراما ہے۔

س۔ درج ذیل کے مترادف لکھیں۔

الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف
بے نوا	بے کسی/ فقیر	مسرت	خوشی	عالم	
قاعدہ	اصول	حبس	قید خانہ/ گھٹن	مشقت	محنت
ضعیف	ناتواں/ بوڑھا	گمان	اندازہ/ وہم	زندان	قید خانہ
ہونٹ	لب	تصوّر	خیال	بام	بالاخانہ
دشت	صحراء/ بیاباں	شبنم	اوس	جنبش	حرکت
سنگ	پتھر	جنت	فردوس/ ارم	اُجالا	نور/ روشنی

س۔ محاورے کے حوالے سے جملوں کو درست کریں۔

① آپ کا حکم سر ماتھے پر۔
آپ کا حکم سر آنکھوں پر۔

② مسجد میں سوئی دھرنے کی جگہ نہ تھی۔
مسجد میں پاؤں دھرنے کی جگہ نہ تھی

③ تم کو تو جیسے بچھو سونگھ گیا ہے۔
تم کو تو جیسے سانپ سونگھ گیا ہے۔

④ سانپ کو دیکھ کر ہمارے ہاتھوں کے کوّے اُڑ گئے۔
سانپ کو دیکھ کر ہمارے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے۔

⑤ وہ تو ناک پر مچھر نہیں بیٹھنے دیتا۔
وہ تو ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتا

س۔ مندرجہ ذیل کس قسم کے مرکبات ہیں۔

① عافیت کا دور	مرکبِ اضافی
② سلاست اور سجاوٹ	مرکبِ عطفی
③ ناگہانی موت	مرکبِ توصیفی
④ وقتِ نمائش	مرکبِ اضافی
⑤ ایثار و عمل	مرکبِ عطفی
⑥ تقریرِ آزادی	مرکبِ اضافی
⑦ قرآن کے پردے	مرکبِ اضافی
⑧ طوق و سلاسل	مرکبِ عطفی

9	پُرہول میدان	مرکبِ توصیفی
10	فوجِ باطل	مرکب توصیفی
11	فرعونی خدائی	مرکبِ توصیفی
12	رَجز پڑھنا	
13	بلند آہنگ تکبیریں	مرکب توصیفی
14	شہیدوں کی خموشی	مرکب اضافی
15	صدائے اذانِ صبح	مرکبِ اضافی
16	رُوئے شبِ تار	مرکبِ اضافی
17	دامانِ کوہسار	مرکبِ اضافی
18	بادِ سحر	مرکبِ اضافی
19	گلشنِ فلک	مرکبِ اضافی
20	ثمرِ شاخِ کہکشاں	مرکبِ اضافی
21	زمزمہ پردازیِ طیور	
22	ذکرِ قدرتِ حق	مرکبِ اضافی
23	گہر ہائے آبدار	
24	پاسبانِ رنگ و بو	مرکبِ اضافی
25	محرمِ اسرارِ یاراں	مرکبِ اضافی
26	مہرِ عالم تاب	مرکبِ اضافی
27	فاتحِ امید و بیم	مرکبِ اضافی و عطفی
28	میلِ رنگ و بو	مرکبِ اضافی و عطفی
29	تمدّن کا چراغ	مرکبِ اضافی
30	وارثِ اسرارِ فطرت	مرکبِ اضافی
31	دس پیسے	مرکبِ عددی
32	پردوں کی دیوار	مرکبِ اضافی
33	ریشِ سفید	مرکبِ توصیفی
34	یہ بس	مرکبِ اشاری
35	تڑک سے	مرکبِ جاری
36	شمعِ آزادی	مرکبِ توصیفی
37	سحر و شام	مرکبِ عطفی
38	بڑے مشہور	

(39) الجزائر کے مسلمانو	مرکبِ اضافی
(40) خوبیٔ قسمت	مرکبِ اضافی
(41) زمان و مکاں	مرکبِ عطفی
(42) عدم کی جاں	مرکبِ اضافی
(43) رگِ دل	مرکبِ اضافی
(44) وہ منزلیں	مرکبِ اشاری
(45) ازل سے	مرکبِ جاری
(46) حیاتِ جاوداں	مرکبِ توصیفی
(47) پیامِ زندگی	مرکبِ اضافی
(48) چشمِ پُرنم	مرکبِ توصیفی
(49) در و بام	مرکبِ عطفی
(50) جنتِ انسان	مرکبِ اضافی
(51) قطرۂ خون	مرکبِ اضافی
(52) غم و آلام	مرکبِ عطفی
(53) قطرۂ خون	مرکبِ اضافی
(54) ویران گزرگاہ	مرکبِ توصیفی
(55) ماضی کے دھندلکے	مرکبِ اضافی
(56) بندۂ خدا	مرکبِ اضافی
(57) دنیا و مافیہا	مرکبِ عطفی
(58) آبِ حیات	مرکبِ اضافی
(59) ذوق و شوق	مرکبِ عطفی
(60) نحیف و نزار	مرکبِ عطفی
(61) شہرۂ آفاق	مرکبِ اضافی
(62) طوق و سلاسل	مرکبِ عطفی
(63) تنویرِ آزادی	مرکبِ اضافی
(64) حالتِ زار	مرکبِ توصیفی

س - درج ذیل کے متضاد لکھیں -

حقیقت		آباد	ویران / غیر آباد	نادانی	ہوشمندی
خشک	تر	محبت	نفرت	دور	قریب
مکاں	زماں / لامکاں	وصال	فراق	ازل	ابد
مسرت	غم / تاسف	افسردہ	مسرور	آس	یاس

چند اہم ضرب الامثال

آندھا کیا جانے دو آنکھیں	خواہشمند کی آرزو پوری ہونا
آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل	جو چیز نظر کے سامنے نہ ہو گویا پہاڑ کی اوٹ میں ہوتی ہے
آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا	مالدار جو بے وقوف ہو لیکن جیب کا ہوشیار ہو
ایک پنتھ دو کاج	ایک عمل سے دوہرا فائدہ ہونا
آوے کا آوا بگڑا ہوا ہے	سب کے سب نالائق نکمے اور نااہل
اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی	کوئی چیز بھی ٹھیک نہ ہونا
ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا	بری فطرت اس پر بری صحبت
اپنا مارے چھاؤں میں بٹھائے	تکلیف میں اپنا ہی رحم کرتا ہے -
اوکھلی میں دیا سر موصلوں سے کیا ڈر	دشواریوں سے ڈرنا قطعی بے کار ہوتا ہے
اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ	کام کی نیت نہ ہونا / بس بہانہ چاہنا
اونٹ کے منہ میں زیرہ	خواہش اور ضرورت سے بہت کم ملنا
اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا	کمزور طاقتور کا مقابلہ نہیں کر سکتا
بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا	مشکل حل ہونا / اچانک دولت ملنا
بندر کیا جانے ادرک کا سواد	ہر خوبی کو ہر کوئی نہیں جانتا
بات بدلی ساکھ بدلی	وعدہ خلافی سے عزت گئی
پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل	عالمانہ وضع رکھنے والا جاہل
پھول نہ سہی پنکھڑی ہی سہی	سارا نہ سہی تھوڑا ہی غنیمت
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو	دیکھنا حالات کا نتیجہ کیا نکلتا ہے
تھوتھا چنا باجے گھنا	خالی بڑبڑ کرنا / شیخی بگھارنا
ٹاٹ کا لنگوٹ نواب سے یاری	مفلس کی امیر سے دوستی
جیسا منہ ویسا تھپڑ	جو جس قابل ہو ویسا سلوک کرنا
جان نہ پہچان خالہ جی سلام	بغیر واقفیت کے رشتہ داری جتلانا
حیلے رزق بہانے موت	بے سبب کوئی کام نہیں ہوتا
جس کا کھانا اس کا گانا	فائدہ مند آدمی کی تعریف کرنا
جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو	جاہل پر شیطان سوار ہوتا ہے
چراغ تلے اندھیرا	اپنے محروم رہیں غیر فائدہ اٹھائیں
چمڑی جائے دمڑی نہ جائے	جان کو تکلیف بے شک ہو پیسہ خرچ نہ ہو
چوری کا گڑ میٹھا	حرام کمائی میں لذت ہوتی ہے
چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل	کمینے کو بڑا مرتبہ ملنا

حاتم کی قبر پر لات مارنا	کنجوس کا سخاوت کرنا
خس کم جہاں پاک	نالائق کا مرنا ہی بہتر ہے
خدا گنجے کو ناخن نہ دے	کم ظرف کو اختیار نہ ملے
خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے	خدا ناگہانی سزا دیتا ہے
دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر	ماتحت اپنے افسر سے دشمنی رکھنا
دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا	آوارہ آدمی کسی کام کا نہیں ہوتا
دیکھئے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے	دیکھئے کیا نتیجہ نکلتا ہے
دودھ کا دودھ پانی کا پانی	انصاف سے حقیقت واضح ہو جاتی ہے کھرا کھوٹا الگ الگ ہونا
ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا	اپنی رائے الگ رکھنا / ہر ایک کی اپنی رائے
ڈھاک کے تین پات	ہر حال میں نتیجہ ایک ہی نکلنا
رام رام جپنا پرایا مال اپنا	منہ سے ایماندار عملی بے ایمان
زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو	جو بات مشہور ہو جائے سچ ہوتی ہے
زبردست کا ٹھینگا سر پر	طاقتور کے سامنے بس نہیں چلتا
سرائے کا کتا ہر مسافر کا یار	ہوشیار خوشامد ہر ایک جگہ سے گھس جاتا ہے
ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے	ہرے کو سب ہرے نظر آتے ہیں
سو سنار کی ایک لوہار کی	زیادہ باتوں کا ایک سخت جواب
سانپ نکل گیا لکیر پیٹو	موقع نکلنے کے بعد پچھتانا
ساجھے کی ہنڈیا بیچ چوراہے ہی میں پھوٹتی ہے	شراکت کے کاروبار میں اکثر جھگڑا رہتا ہے
شیطان کا طوفان اللہ نگہبان	جھوٹے الزام سے خدا کی پناہ
صبح کا پیالہ اکسیر کا نوالہ	صبح کا تھوڑا کھانا مفید ہوتا ہے
صورت نہ شکل بھاڑ سے نکل	بد شکل بد صورت ہونا
غریب کی جورو سب کی بھابھی	غریب کا کسی پر زور نہیں چلتا
فقیر کو کمبل دوشالہ	فقیر کو جو کچھ مل جائے غنیمت ہے
فاتحہ نہ درود مر گئے مردود	بے وارث چیز کا ضائع ہونا
قہر درویش بر جان درویش	مجبوری کے عالم میں مان لینا
کاغذ کی ناؤ آج ڈوبی کل ڈوبی	ناپختہ چیز زیادہ دیر نہیں چلتی
کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا	کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا
کیا پدی کیا پدی کا شوربہ	بے حقیقت چیز بے قدر ہوتی ہے
کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے	اچھی چیز کے ساتھ بری بھی ہوتی ہے

کردن خویش آمدن پیش	جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے
کہاں راجہ بھوج کہاں گنگا تیلی	اعلیٰ ادنیٰ برابر نہیں ہوتے
کاٹھ کی ہنڈیا بار بار نہیں چڑھتی	جھوٹ بار بار نہیں چلتا
کھانے من بھاتا پہنے جگ بھاتا	رسم و رواج کے ساتھ ساتھ چلنا
کھسیانی بلی کھمبا نوچے	اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے
[illegible] گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرہ	نکمے آدمی کو بڑا مرتبہ مل جانا
ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات	صاحب اقبال کا بچپن سے پتہ چل جانا
یا کھائے گھوڑا یا کھائے دوڑا	گھوڑا اور عمارت پر بہت خرچ ہوتا ہے
یہ منہ اور مسور کی دال	کسی آدمی کا کسی چیز کے اہل نہ ہونا
یک جان دو قالب ہونا	بڑی پکی اور گہری دوستی ہونا
مدعی سست گواہ چست	اصل جب دوسرا اس کی جگہ بولے
مینڈکی کو زکام ہونا	کم بساط کا ڈھونگ مارنا
ملا کی دوڑ مسجد تک	ہر کسی کی رسائی اپنے مقدور تک ہونا
بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا	اتفاقیہ کوئی بہتر کام نکل آیا
بیکار سے بیگار بھلی	بیکار رہنے سے مفت کا کام کرنا ہی اچھا ہوتا ہے
بوڑھی گھوڑی لال لگام	بڑھاپے میں سنگار کرنا
بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا	کسی کی چالوں کو سمجھ کر جھانسے میں آنے سے پہلے انکار کر دینا
تین میں نہ تیرہ میں	کہیں بھی عزت و پرستش نہ ہونا
گربہ کشتن روز اول بہ	رعب پہلے دن سے جمانا فائدہ مند ہوتا ہے
ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور	دھوکے باز آدمی کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ اور ہوتا ہے

آج مرے کل دوسرا دن	زندگی ناپائیدار ہے۔
آنکھ کا اندھا، گانٹھ کا پورا	بیوقوف مالدار۔ گاہک جسے مال خریدنے کی تمیز نہ ہو
آنکھوں میں سکھ کلیجے ٹھنڈک	ہر طرح کی خوشی حاصل ہونا۔ کوئی بات منظور ہونا
اشرفیاں لٹیں، کوئلوں پر مہر	ضروری کاموں میں کنجوسی اور فضول میں بے دریغ خرچ کرنا
اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی	دغاباز اور فریبی آدمی کے متعلق بولتے ہیں
اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ	کام نہ کرنے کی نیت ہو تو ذرا سا بہانہ چاہیے۔
ایک پنتھ دو کاج	ایک تدبیر سے دو کام نکالنا
اوکھلی میں سر دیا تو دھمکیوں کا کیا ڈر	خطرناک کام کو شروع کر کے گھبرانا نہیں چاہیے
ایک تو کریلا دوسرا نیم چڑھا	بُری صحبت موجودہ خرابی کو اور زیادہ بگاڑ دیتی ہے
اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا	کمزور آدمی طاقتور دشمن کا مقابلہ نہیں کر سکتا
اندھیر نگری چوپٹ راجہ	جہاں بدانتظامی کا دور دورہ ہو
اپنی اپنی ڈفلی اپنا راگ	ہر آدمی کا مذاق اور طبیعت جدا ہے
آدھا تیتر، آدھا بٹیر	بے ڈھنگا، بے جوڑ کام
آپ موئے جگ پرلو	اپنی جان ہے تو جہان ہے
آنکھوں کے آگے پلکوں کی برائی	کسی کے سامنے اس کے عزیزوں کی بُرائی بیان کرنا
اونٹ کے منہ میں زیرہ	خواہش اور ضرورت سے بہت کم
اوتاولا سو باولا	جلد بازی حماقت ہے
اوس سے پیاس نہیں بجھتی	تھوڑی چیز سے ضرورت پوری نہیں ہوتی
آسمان کا تھوکا منہ پر	نیک آدمی کی بُرائی کرنے والا خود ہی ذلیل ہوتا ہے
بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا	اتفاقیہ کوئی بہتر کام نکل آیا
بات بدلی ساکھ بدلی	وعدہ خلافی کرنے سے عزت میں فرق آتا ہے
بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان	تکلیف دینے والی آرائش یا دولت اچھی نہیں ہوتی
بندر کیا جانے ادرک کا سواد	ناقدر شناس کو بڑی نعمت میں کیا قدر ہو سکتی ہے
بوڑھی گھوڑی لال لگام	بڑھاپے میں سنگار کرنا
بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا	دھوکے باز کی چال سمجھ کر دھوکے میں آنے سے انکار کر دینا
بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ	چھوٹوں کا اپنے بڑوں سے بڑھ کر فضول حرکتیں کرنا
بن مانگے موتی ملیں، مانگے ملے نہ بھیک	قسمت میں ہو تو بغیر محنت کے مل جاتی ہے ورنہ نہیں
بھری جوانی مانجھا ڈھیلا	جوانی میں مستی

بنیا جس کا یار اس کو دشمن کیا درکار	بنیے کی مطلب پرستی - قرض دینے والا ہی سب سے بڑا دشمن ہوتا ہے
بس کی گانٹھ	فسادی آدمی
بنارسی ٹھگ	بڑا دھوکا باز
آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ	عالمانہ وضع والا جاہل - ناقص ہونے کے باوجود کمال کا دعوی ہونے
پتھر کھڑکا جو سرکا	ذرا سے اندیشے سے اپنے بچاؤ کی سوچنے لگنا
پتھر کو جونک نہیں لگتی	سنگدل کو رحم نہیں آتا - برے پر نصیحت بے فائدہ
پڑھیں فارسی بیچیں تیل، یہ دیکھو قدرت کے کھیل	شریف ہو کر رذیل کام اختیار کرنا
پھوٹی پھوٹی سے تالاب بھر جاتا ہے	تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے
پوچھو زمین کی کہے آسمان کی	سوال کچھ جواب کچھ
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو	جلدی نہ کرنا - معاملہ کو دیکھنا
تھوتھا چنا باجے گھنا	ناحق شیخی بگھارنا - خالی بڑبڑ کرنا
تین میں نہ تیرہ میں	کہیں بھی عزت اور پرستش نہ ہونا
تانت باجی راگ پایا	گفتگو سے اندازہ لگا لینا
تن سکھی تو من سکھی	جب کھانے کو ملتا ہے تو عقل ٹھکانے رہتی ہے
تیلی کا تیل جلے مشعلچی مفت کڑھے	کسی کا نقصان، غم کوئی اور کرے
تین پیڑ بکائن کے میاں باغبان	تھوڑی چیز پر بہت اترانے والا شیخی خور
تولہ بھر کی آرسی ناک بولے فارسی	تھوڑا احسان کر کے بہت جتانا
تیر نہ کمان میاں کاہے کے پٹھان	فضول ڈینگیں مارنا
تھالی کا بینگن	زمانہ ساز آدمی
ٹاٹ کا لنگوٹ نواب سے یاری	مفلس آدمی کا امیروں سے دوستی کرنا
ٹیڑھی کھیر	مشکل کام
جو بدھ گیا سو موتی، جو رہ گیا سو تھوتی	جو چیز آئے وہی بہتر ہے ورنہ ردی
جس کی دیگ اس کی تیغ	جو کھانے کو دیتا ہے تلوار اس کے نام کی ماری جاتی ہے
جوگی کس کے میت	درویش اور فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے
جاٹ گنا نہ دے گڑ کی بھیلی دے	تھوڑا نقصان برداشت نہ کرنا لیکن زیادہ نقصان برداشت کر لینا
چور کا بھائی گرہ کترا	برے کا دوست برا
چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل	ادنی درجے کے آدمی کو اعلی مرتبہ مل جانا
چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیرا پاکھ ہے	چند روزہ عیش کو زوال ہوتا ہے

چراغ گل پگڑی غائب	ذرا غفلت ہوئی اور مال غائب ہو گیا
حلوائی کی دکان پر دادا جی کا فاتحہ	پرائے مال کو بے دردی سے خرچ کرنا
حیلے رزق بہانے موت	بے سبب کوئی کام نہیں ہوتا
حاکم کے تین اور شحنہ کے نو	رشوت خور حاکم کے اہلکار اس سے بھی زیادہ رشوت لیتے ہیں
خدا گنجے کو ناخن نہ دے	کم حوصلہ اور کمینہ با اختیار نہ ہو
درزی کی سوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں	انسان کی حالت یکساں نہیں رہتی
دمڑی کی ہنڈیا گئی کتے کی ذات پہچانی گئی	ذرا نقصان تو ہوا لیکن کمینہ آدمی پہچانا گیا
دس جنے کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ	اتفاق میں برکت ہے
دیکھا نہ بھالا، صدقے گئی خالہ	بلا وجہ خوشامد کرنا۔ بغیر دیکھے کسی کی تعریف کرنا
دمڑی کی گڑیا ٹکا سر منڈائی	کم قیمت چیز کی مرمت پر زیادہ لاگت آنا
دمڑی کی ہنڈیا لیتے ہیں ٹھونک بجا کر لیتے ہیں	معمولی سے معمولی کام پوری سوچ بچار سے کرنا چاہیے
دو میں تیسرا، آنکھوں میں ٹھیکرا	شراکت میں دو ہی بھلے معلوم ہوتے ہیں
دانہ دانہ پر مہر ہوتی ہے	قسمت میں لکھا رزق مل جاتا ہے
ڈھاک کے تین پات	ہر حالت میں نتیجہ ایک ہی ہونا
رسی جل گئی پر بل نہ گیا	بہت زک اٹھائی مگر اکڑ میں فرق نہیں آیا۔ ویسے ہی اکڑتا ہے
رکھ پیتا، رکھا پیت	دوسروں کی عزت کرو، وہ تمھاری کریں گے
رات بھر ممیاتی ایک بچہ بیاہی	تکلیف زیادہ فائدہ کم
رادھا کو یاد کرو	جاؤ اپنا کام کرو ہمیں کچھ پروا نہیں
زبردست کا ٹھینگا سر پر	زبردست کمزور سے سب کچھ کرا لیتا ہے
سانپ کا بچہ سنپولیا	شریر کا بچہ بھی شریر
سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو	موقع ہاتھ سے نکل جانے کے بعد پچھتانا
سوت کی انٹی، یوسف کی خریداری	بساط سے بڑھ کر کام کرنا
ساون برسے نہ بھادوں سوکھے	ہمیشہ ایک حالت پر رہنا
سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب	انتظار میں رکھنے سے جواب دینا بہتر ہے
سویا سو کھویا	غافل آدمی کو نقصان ہی اٹھانا پڑتا ہے
شرح میں کیا شرم	لین دین میں لحاظ کی کوئی ضرورت نہیں
شیطان کا طوفان اللہ نگہبان	جھوٹے الزام سے اللہ تعالیٰ ہی نجات دے
شہر میں اونٹ بدنام	مشہور عیبی کی شامت آتی ہے
طویلے کی بلا بندر کے سر	قصور کسی کا۔ الزام کسی دوسرے پر

عقل بڑی کہ بھینس	کسی کی بے تکی بات پر مزاحاً کہتے ہیں
فقیر کو کمبل ہی دوشالہ ہے	غریب کو جو مل جائے وہی غنیمت ہے
قہر درویش بر جان درویش	کمزور کا غصہ اپنے پر ہی نکلتا ہے
قول مرداں جان دارد	مردوں کی بات پکی ہوتی ہے
کاغذ کی ناؤ سدا نہیں بہتی	جھوٹ ہمیشہ نہیں چلتا
کہاں راجہ بھوج، کہاں گنگو تیلی	ادنی اور اعلی برابر نہیں ہوتے
کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا	بے میل رشتہ - ان مل - بے جوڑ تعلق
